# ”ایجاد و ابداعِ عالم سے عالمی نظامِ خلافت تک . . .“

# ایک گرانقدر علمی خدمت ہے

## کوئٹہ سے قاری شاہد اسلام بٹ کا مکتوب

امیر محترم و مکرم جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب مدّ ظلّہ

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

امید ہے کہ آپ بفضلہ تعالیٰ خیر و عافیت سے ہوں گے۔ سب سے پہلے تو میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ آپ نے چودہ سال کے عرصہ کے بعد ایک نہایت ہی دقیق علمی مسئلہ پر قلم اٹھایا ہے۔ میری مراد حکمت قرآن میں اشاعت خصوصی کے تحت ”ایجاد و ابداع عالم سے عالمی نظام خلافت تک۔ تنزل و ارتقاء کے مراحل“ نامی مقالے سے ہے۔ یہ مقالہ اتنا جامع اور دل و دماغ کو کھینچ لینے والا تھا کہ ایک ہی نشست میں ختم کرنا پڑا۔ بہرحال میرے نزدیک یہ ایک ایسی علمی خدمت ہے کہ جس کے سامنے نوبل انعام اور شاہ فیصل ایوارڈ کچھ حیثیت نہیں رکھتے۔

آپ سے گزارش ہے کہ اس قسم کے تمام مقالات کا انگریزی ترجمہ کر کے The Quranic Horizons میں جلد از جلد شائع کر دیں۔

والسلام مع الاکرام

قاری شاہد اسلام بٹ، ایم اے

کوئٹہ

© rasailojaraid.com